MEMBERS APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified پاکستان کا کیثر الاشاعت اخبار
کوئٹہ، گوادر، حب، اسلام آباد، کراچی اور پشاور سے بیک وقت شائع ہونیوالا اردو روزنامہ
روزنامہ
عسکر انٹرنیشنل کراچی
چیف ایڈیٹر
سید فاروق شاہ
فون نمبر
Dailyaskarkhi@gmail.com
0331-8383955
جلد 15 | 31 جنوری، بروز جمعہ 2025، (صفحات 4) قیمت 10 روپے | شمارہ 265

پاکستان اور برطانیہ کے درمیان تعلقات کو مزید مستحکم کرنا چاہتے ہیں، گورنر سندھ

کامران ٹیسوری سے برطانوی ڈپٹی ہائی کمشنر سارہ مونی کی الوداعی ملاقات، پاک برطانیہ تعلقات، تجارتی و سفارتی تعاون اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادل

دوران ملاقات گورنر سندھ نے سارہ مونی کی خدمات کو سراہتے ہوئے نیک تمنائوں کا اظہار کیا اور بدلتے عالمی حالات میں پاک برطانیہ دوطرفہ تعاون مزید مضبوط بنانے پر بھی زور دیا

کراچی (آئی این پی) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے کہا ہے کہ پاکستان اور برطانیہ کے درمیان تعلقات کو مزید مستحکم کرنا چاہتے ہیں۔ کامران ٹیسوری سے برطانوی ڈپٹی ہائی کمشنر سارہ مونی کی الوداعی ملاقات ہوئی جس میں پاک برطانیہ تعلقات، تجارتی و سفارتی تعاون اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادل خیال کیا گیا۔ ملاقات میں کامران ٹیسوری نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ برطانیہ پاکستان میں تعلیم، صحت اور سرمایہ کاری کے خاتمے، ہلکی دفاع کیلئے ہمارا عزم غیر متزلزل رہے گا، صدر زرداری

پیکا ترمیمی ایکٹ 2025 نافذ العمل، گزٹ نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (آئی این پی) پیکا ترمیمی ایکٹ 2025 نافذ العمل ہوگیا جس کا گزٹ نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا گیا۔ وزارت قانون کی جانب سے نوٹیفکیشن بھی جاری ہونے کے بعد پیکا قانون کا باضابطہ اطلاق ہو گیا، نوٹیفکیشن بل کا بھی گزٹ نوٹیفکیشن جاری

(بقیہ بطور صفحہ 3)

پی ٹی آئی نے پریکٹس اینڈ پروسیجر آرڈیننس 2024 کیخلاف درخواست خارج کرنے کو چیلنج کردیا

پریکٹس اینڈ پروسیجر آرڈیننس کے تحت تمام اقدامات کو غیر قانونی قرار دیا جائے، سپریم کورٹ کی درخواست میں استدعا

(بقیہ نمبر 7 صفحہ 3)

دہشت گرد عناصر کے خاتمے، ہلکی دفاع کیلئے ہمارا عزم غیر متزلزل رہے گا، صدر زرداری

اسلام آباد (آئی این پی) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے شمالی وزیرستان میں آپریشن میں سکیورٹی فورسز کی جانب سے 6 خوارج جہنم واصل کرنے پر فورسز کو خراج تحسین کیا ہے۔ ایوان صدر سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے انٹیلی جنس پر مبنی کاروائی کے دوران ہتھیار اٹھوا کر سیکیورٹی فورسز کی بہادری کو سراہا ہے۔ صدر مملکت نے کاروائی کو

(بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد وفاقی وزیر عطاء اللہ تارڑ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

ملک دشمن عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے، وزیراعلیٰ سندھ

وطن کی خاطر ہم اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے کے لیئے تیار ہیں، ملک دشمن عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے، سید مراد علی شاہ

ہماری عوام پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، ہم متحد ہیں اور یہی ہماری جیت ہے، سکیورٹی فورسز کی میر علی میں بہترین کارروائی میں 6 خوارج جہنم واصل ہوئے

کراچی (آئی این پی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ ملک دشمن عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ جاری بیان کے مطابق وزیراعلیٰ مراد علی شاہ نے شمالی وزیرستان میں کامیاب آپریشن پر پاک فوج کو سلام پیش کیا اور کہا کہ سکیورٹی فورسز کی میر علی میں بہترین کارروائی میں 6 خوارج جہنم واصل ہوئے۔ مراد علی شاہ نے 2 جوانوں کی شہادت پر افسوس کا اظہار کیا اور شہید جوانوں کے لیے جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام کی دعا بھی کی۔ انہوں نے کہا کہ وطن کی خاطر ہم اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے کے لیئے تیار ہیں، ملک دشمن عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے مزید کہا کہ ہماری عوام

(بقیہ نمبر 1 صفحہ 2 پر)

اسلام آباد: نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سندھ حکومت کا طلبہ کو دوپہر کا کھانا مفت دینے کا فیصلہ

آبادی کے رجحان کے سبب والدین بچوں کو بہتر غذا مہیا نہیں کر پاتے، بچوں میں غذائیت کی کمی جیسے مسائل کی وجہ سے ان کے سیکھنے کا عمل بھی متاثر ہوتا ہے

مس اوشی بانا نے مزید کہا کہ سکول میں متوازن خوراک ملنے سے بچوں کی قوت مدافعت بڑھے گی جس سے وہ مختلف بیماریوں سے محفوظ رہ سکتے ہیں

کراچی (آئی این پی) سندھ حکومت نے طلبہ کو دوپہر کا کھانا مفت دینے کا فیصلہ کرلیا۔ وزیر تعلیم سندھ سید سردار علی شاہ اور ورلڈ فوڈ پروگرام کی کنٹری ڈائریکٹر کوکو اوشی بانا کے درمیان ہونے والی ملاقات میں بچوں میں غذائیت کی کمی اور خوراک جیسے چیلنجز کے حوالے سے تبادل خیال کیا گیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر سید سردار علی شاہ نے کہا کہ خاندانی وسائل میں مشکلات اور آبادی

(بقیہ نمبر13 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم کی شائستہ پرویز کو یمن پولیٹیکل لیڈر کی سفیر منتخب ہونے پر مبارکباد

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم شہباز شریف نے رکن قومی اسمبلی شائستہ پرویز کو یمن کا لوائی تھیئم ویمن پولیٹیکل لیڈر کیلئے پاکستان کی جانب سے سفیر منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کی ہے۔ جاری بیان میں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ شائستہ

(بقیہ نمبر15 صفحہ 3)

وزیر اطلاعات و نشریات کا طلبہ کو ڈگریاں دینے کا اعلان

اسلام آباد (آئی این پی) وزیر اطلاعات و نشریات عطاء تارڑ نے کہا ہے کہ سکیورٹی فورسز نے خوارج کو جہنم واصل کرنے پر خراج تحسین پیش کیا

(بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

شکارپور تھانہ ناپرکوٹ کے بچے کے علاقے میں مغویوں کی بازیابی اور تیانی گینگ کے سرغنہ بیلو تیانی

لاؤ دیتانی، نواب تیانی اور اکبر تیانی کے ٹھکانوں پر پولیس اور رینجرز کا سخت کارروائی، 75 ہاتھ کرنے کی دعویٰ

شکارپور (نامہ نگار) شکارپور تھانہ ناپرکوٹ کے بچے کے علاقے میں مغویوں کی بازیابی اور تیانی گینگ کے سرغنہ بیلو تیانی، لاؤ دیتانی نواب تیانی اور اکبر تیانی کے ٹھکانوں پر پولیس اور رینجرز کا سخت کارروائی کرتے ہوئے آپریشن کر کے 75 ہاتھ کرنے کی دعویٰ۔ ایس ایس پی شاہ ذوہیب چاچڑ کے مطابق شکارپور رپورٹ عدیل احمد دل تصیلات کے علاقے میں مغویوں کی بازیابی اور تیانی گینگ کے سرغنہ بیلو تیانی، لاؤ دیتانی نواب تیانی اور اکبر تیانی کے ٹھکانوں پر پولیس اور رینجرز کا سخت کارروائی کرتے ہوئے آپریشن کر کے 75 ہاتھ کرنے کی دعویٰ۔ ایس ایس پی شاہ ذوہیب چاچڑ

(بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

پاک چائنہ کے درمیان دوطرفہ برادرانہ تعلقات ہیں، ترجمان دفتر خارجہ

پاکستان ون چائنہ پالیسی پر عمل پیرا، الگ ٹائے الزامات کی مذمت کرتے ہیں، چین کے ساتھ دوستی کے متعلق بے بنیاد الزامات مسترد کرتے ہیں

امریکا نے 90 روز کے لیے امدادی پروگرام جائزے کے لیے روک دیا، جلد دوبارہ شروع ہو جائیں گے، ٹی بی کے پاکستان میں امریکی ہتھیاروں کے استعمال سے متعلق مزید شواہد بھی موجود ہیں

اسلام آباد (آئی این پی) ترجمان دفتر خارجہ شفقت علی خان نے کہا ہے کہ پاکستان ون چائنہ پالیسی پر عمل پیرا ہے، یہ پالیسی تبدیل نہیں ہوئی، پاک چین دوستی پر لگائے گئے گھناؤنے الزامات کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ جمعرات کو اسلام آباد میں ہفتہ وار پریس بریفنگ کے دوران ترجمان دفتر خارجہ کا کہنا تھا کہ پاکستان اور چین کے درمیان دوطرفہ برادرانہ تعلقات ہیں

(بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے ہم منصب ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعظم شہباز شریف سے محسن نقوی کی ملاقات، ملکی امن وامان کی صورتحال سمیت اہم امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر داخلہ و چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ سید محسن رضا نقوی نے ملاقات کی جس میں ملکی امن وامان کی صورتحال سمیت اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ محسن نقوی نے وزیراعظم کو اپنے حالیہ دورہ امریکا اور اس دوران اہم امریکی حکام، کاروباری برادری اور سرمایہ کاروں سے ملاقاتوں کے حوالے سے آگاہ کیا۔ ملاقات میں محسن نقوی نے وزیراعظم کو چیمپئنز ٹرافی کے انعقاد کی تیاریوں سے بھی آگاہ

(بقیہ نمبر17 صفحہ 3)

عالمی یوم حجاب کل منایا جائے گا

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم حجاب کم فروری کو منایا جائے گا۔ اس موقع پر ملک بھر سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام مختلف تقریبات منعقد کی جائیں گی جن میں حجاب کی

(بقیہ نمبر22 صفحہ 3 پر)

کراچی انٹر بورڈ کے سالانہ امتحانات میں فیل طلبہ کو ریلیف ملنے کا امکان

اضافی نمبرز حاصل کئے گئے مارکس کے تناسب سے دیئے جائیں گے، فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی کی رپورٹ پر اضافی نمبرز دینے کا طریقہ کار وضع ہوگا

گزشتہ سال کے امتحانی نتائج پر بنائی گئی اکوائری کمیٹی کی سفارشات پر عمل ہی نہیں ہوا، تعلیمی بورڈ کے جن افسران کو ذمہ دار قرار دیا وہ عہدوں پر موجود ہیں

کراچی (آئی این پی) انٹر بورڈ امتحانی نتائج سے متعلق تحقیقی کمیٹی اجلاس کی اندرونی کہانی سامنے آگئی۔ ذرائع کے مطابق کراچی انٹر بورڈ کے سالانہ امتحانات میں فیل طلبہ کو ریلیف ملنے کا امکان ہے، سندھ اسمبلی کمیٹی نے فیل قرار دیئے گئے طلبہ کو 10 سے 30 نمبرز دینے پر غور شروع کر دیا۔ کمیٹی میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ اضافی نمبرز حاصل کئے گئے مارکس کے تناسب

(بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

پاکستان میں تمام غیر مسلم محفوظ ہیں، حسن اقبال

سب کیلئے ترقی کے مساوی مواقع قومی ذمہ داری ہے، وفاقی وزیر کامرس یونیورسٹی کا دورہ، پاکستانی طلبہ کے لئے سکالرشپس سے استفادہ کی ترغیب دی

حکومت کی تعلیم میں سرمایہ کاری کے عزم کو اجاگر کرتا ہے تاکہ پاکستانی طلبہ دنیا کی اعلیٰ تعلیمی درسگاہوں تک رسائی حاصل ہو اور ملک کی گلوبل معاشی ترقی میں اپنا کردار ادا کر سکیں

لندن (آئی این پی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان میں تمام غیر مسلم محفوظ ہیں، سب کیلئے ترقی کے مساوی مواقع قومی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے یہ بات کیمبرج یونیورسٹی کے دورے کے موقع پر کہی، جہاں انہوں نے اسٹریٹجک پارٹنرشپ آرگنائزیشن کی نمائندہ، بیکری بیرونٹ سے ملاقات کی۔ ملاقات

(بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

وزارت داخلہ کی جانب سے بیرون ملک پاکستانی بھکاریوں کی روک تھام کا تیسری بل عنقریب پیش

اسلام آباد (آئی این پی) حکومت کی جانب سے بیرون ملک پاکستانی بھکاریوں کی روک تھام سے متعلق قانون سازی سخت کرنے کا فیصلہ کرلیا

(بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

برقی مشینری اور آلات کی درآمدات میں جاری مالی سال کی پہلی ششماہی میں سالانہ بنیادوں پر 31 فیصد کا اضافہ ریکارڈ

اسلام آباد (آئی این پی) برقی مشینری اور آلات کی درآمدات میں جاری مالی سال کی پہلی ششماہی میں سالانہ بنیادوں پر 3 فیصد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ ادارہ شماریات پاکستان کے اعداد و شمار کے مطابق مالی سال کی پہلی ششماہی میں برقی مشینری اور آلات کی درآمدات پر 1.492 ارب ڈالرز مساوی خرچ ہوا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 31 فیصد زیادہ ہے۔ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں برقی مشینری اور آلات کی درآمدات پر 1.131 ارب ڈالرز مساوی خرچ ہوا تھا۔ دسمبر 2024 میں برقی مشینری اور آلات کی درآمدات کا خرچ 292 ملین ڈالرز ریکارڈ کیا گیا جو دسمبر 2023 کے مقابلہ میں 30 فیصد زیادہ ہے، دسمبر 2023 میں برقی مشینری اور آلات کی درآمدات پر 224 ملین ڈالرز خرچ

(بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد وفاقی وزیر اورنگزیب تنویر حسین منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد میں پی ٹی آئی کو کمیشن کی بجائے پارلیمانی کمیٹی بنانے کی پیشکش

مذاکرات آگے بڑھانے کیلئے صدق دل سے تیار ہوں، میں چاہتا ہوں مذاکرات آگے بڑھیں

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم شہباز شریف نے پی ٹی آئی کو ایک بار پھر مذاکرات کی دعوت دیتے ہوئے جوڈیشل کمیشن کے بجائے پارلیمانی کمیٹی بنانے کی پیشکش کردی اور کہا ہے کہ مذاکرات آگے بڑھانے کیلئے صدق دل سے تیار ہوں، میں چاہتا ہوں مذاکرات آگے بڑھیں۔ ہماری کمیٹی کے کہا ہے کہ ہم جواب لکھ کر دیں گے۔ ان خیالات کا اظہار وزیراعظم نے جمعرات کو وفاقی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات کی پیش کش کو شفاف انداز سے قبول کیا، حکومت اور اپوزیشن کی کمیٹیاں بنیں اور پھر اسپیکر کے توسط سے مذاکرات شروع ہو گئے۔ ماہ مئی کی 28 تاریخ کو میٹنگ ہوئی تھی اور وہ مذاکرات سے بھاگ گئے۔ وزیراعظم نے کہا کہ 2018 کے الیکشن کے بعد میں احتجاجاً کالی پٹیاں باندھ کر ایوان میں داخل ہوا تو عمران خان نے آگے بڑھ کر مجھے کہا کہ ہم پارلیمانی کمیٹی بنارہے ہیں جو انتخابات کی تحقیقات کرے گی، انہوں نے ہم سے کمیٹی کے لیے نام مانگے اور کمیٹی کے قیام کا اعلان کردیا، کمیٹی تو بنی مگر دو دن سے اور آج کا دن ہے، کمیٹی ضرور بنی ہوئی، ایک آدھ اجلاس بھی ہوا ہوگا مگر باقی سب حاضر کا حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی کمیٹی نے ان کو کہا آپ آئین لکھ کر جواب دیں گے، ہم نے پی ٹی آئی کو مذاکرات کیلئے سازگار ماحول فراہم کیا، یا اپنے کریمان میں جھانکیں، انہوں نے 2018 میں ہاؤس کمیٹی بنائی کمیشن نہیں بنا تھا۔ وزیراعظم نے اپوزیشن کو دعوت دیتے ہوئے کہا کہ پوری طرح حقائق کو سامنے لائیں، 2018 میں ہم نے ہاؤس کمیٹی قبول کی آپ کی آئین 2018 اور 2024 کے انتخابات پر کمیٹی ہے، 26 نومبر کے دھرنے

(بقیہ نمبر3 صفحہ 3 پر)

پاکستان اور بھارت کے درمیان تعلقات کو مزید مستحکم کرنا چاہتے ہیں، گورنر سندھ

کامران ٹیسوری سے برطانوی ڈپٹی ہائی کمشنر سارہ مونی کی الوداعی ملاقات، پاک برطانیہ تعلقات، تجارتی و سفارتی تعاون اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادل

دوران ملاقات گورنر سندھ نے سارہ مونی کی خدمات کو سراہتے ہوئے نیک تمنائوں کا اظہار کیا اور بدلتے عالمی حالات میں پاک برطانیہ دوطرفہ تعاون مزید مضبوط بنانے پر بھی زور دیا

کراچی (آئی این پی) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے کہا ہے کہ پاکستان اور برطانیہ کے درمیان تعلقات کو مزید مستحکم کرنا چاہتے ہیں۔ کامران ٹیسوری سے برطانوی ڈپٹی ہائی کمشنر سارہ مونی کی الوداعی ملاقات ہوئی جس میں پاک برطانیہ تعلقات، تجارتی و سفارتی تعاون اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادل خیال کیا گیا۔ ملاقات میں کامران ٹیسوری نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ برطانیہ پاکستان میں تعلیم، صحت اور سرمایہ کاری کے خاتمے، ہلکی دفاع کیلئے ہمارا عزم غیر متزلزل رہے گا، صدر زرداری

دہشت گرد عناصر کے خاتمے، ہلکی دفاع کیلئے ہمارا عزم غیر متزلزل رہے گا، صدر زرداری

اسلام آباد (آئی این پی) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے شمالی وزیرستان میں آپریشن میں سکیورٹی فورسز کی جانب سے 6 خوارج جہنم واصل کرنے پر فورسز کو خراج تحسین کیا ہے۔ ایوان صدر سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے انٹیلی جنس پر مبنی کاروائی کے دوران ہتھیار اٹھوا کر سیکیورٹی فورسز کی دہشت گردوں کا قلع قمع کرنے پر سکیورٹی فورسز کی بہادری کو سراہا ہے۔ صدر مملکت نے کاروائی کو

(بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد وفاقی وزیر عطاء اللہ تارڑ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

کراچی انٹر بورڈ کے سالانہ امتحانات میں فیل طلبہ کو ریلیف ملنے کا امکان

اضافی نمبرز حاصل کئے گئے مارکس کے تناسب سے دیئے جائیں گے، فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی کی رپورٹ پر اضافی نمبرز دینے کا طریقہ کار وضع ہوگا

گزشتہ سال کے امتحانی نتائج پر بنائی گئی اکوائری کمیٹی کی سفارشات پر عمل ہی نہیں ہوا، تعلیمی بورڈ کے جن افسران کو ذمہ دار قرار دیا وہ عہدوں پر موجود ہیں

کراچی (آئی این پی) انٹر بورڈ امتحانی نتائج سے متعلق تحقیقی کمیٹی اجلاس کی اندرونی کہانی سامنے آگئی۔ ذرائع کے مطابق کراچی انٹر بورڈ کے سالانہ امتحانات میں فیل طلبہ کو ریلیف ملنے کا امکان ہے، سندھ اسمبلی کمیٹی نے فیل قرار دیئے گئے طلبہ کو 10 سے 30 نمبرز دینے پر غور شروع کر دیا۔ کمیٹی میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ اضافی نمبرز حاصل کئے گئے مارکس کے تناسب

(بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد ہائیکورٹ بار نے پیکا ترمیم کو کالا قانون قرار دے دیا، عدالت میں چیلنج کرنے کا اعلان

پیکا ایکٹ میں ترامیم آزادی رائے کا گلہ کاٹنے کے مترادف ہے، پیکا ترامیم آئین کے آرٹیکل 8 اور 19 سے متصادم ہیں

اسلام آباد (آئی این پی) میڈیا ہاؤسز کی تنظیمیں اور صحافیوں کی تنظیمیں اسلام آباد ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن پیکا ایکٹ میں ترمیم کے خلاف عدالت میں کیس دائر کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ بار نے کہا ہے کہ پیکا ایکٹ میں ترامیم کالا قانون اور آزادی رائے کا گلہ کاٹنے کے مترادف ہے، پیکا ترامیم آزادی اظہار رائے صحافت بنیادی انسانی حقوق کی

(بقیہ نمبر9 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد میں آذربائیجان جانے والے سیاحوں کی تعداد میں ریکارڈ اضافہ

آذربائیجان ٹورازم بورڈ کے سی ای او نے مزید دو روز میں چلوانا چاہتے ہیں

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان سے آذربائیجان جانے والے سیاحوں کی تعداد میں ریکارڈ اضافہ ہوگیا۔ آذربائیجان ٹورازم بورڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر سی ای او نے کہا ہے کہ پاکستان سے آذربائیجان جانے والے سیاحوں کی تعداد میں 50 فیصد ریکارڈ اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بڑی تعداد پر کراچی سے فلائٹس کا دوبارہ آغاز کرنا چاہتے ہیں۔ آذربائیجان ٹورازم بورڈ کے سی ای او نے مزید کہا کہ کراچی

(بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے غیر ملکی وفد ملاقات کر رہا ہے

وزیراعظم کی آفر قبول نہیں کیا جاسکتا، چیئرمین پی ٹی آئی

وزیراعظم کا بیان ہمارے مطالبات سے ہٹ کر ہے، حکومت کے خلاف ہماری چارج شیٹ بہت لمبی ہے، ہم نے اسیران کی رہائی

2 واقعات پر جوڈیشل کمیشن کا مطالبہ کیا، ہم نے میڈیٹ کی تو اسی بات پر بھی نہیں کی ہے، وزیراعظم شہباز شریف کی باتیں غیر متعلقہ ہیں، میرا سٹرکچر کا رجیم ہے

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم شہباز شریف کے جانب سے مذاکرات کی پیشکش کے بعد چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر کا رجیم بھی سامنے آگیا ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر کا اس پیشکش پر کہنا تھا کہ ہم نے وزیراعظم کی آفر کو قبول نہیں کیا جاسکتا، وزیراعظم کا بیان ہمارے مطالبات سے ہٹ کر ہے، حکومت کے خلاف ہماری چارج شیٹ بہت لمبی ہے، ہم نے اسیران کی رہائی،

(بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بجلی کی قیمت میں ایک روپے 59 پیسے فی یونٹ اضافے کا امکان

اسلام آباد (آئی این پی) حکومت نے مہنگائی کی چکی میں پسے عوام کو ایک اور جھٹکا دینے کی تیاری کرلی بجلی ایک روپے 59 پیسے فی یونٹ مہنگی ہونے کا امکان ہے۔ بجلی مہنگی ہونے سے بجلی صارفین پر ایک ارب 68 کروڑ روپے کا بوجھ پڑے گا، درخواست مالی سال 2024-25 کے لیے جمع کرائی گئی ہے۔ درخواست میں ملازمین کی قرض، نئی بھرتیاں، لیگل چارجز شامل ہے، درخواست میں ایڈمنسٹریٹر کا سے اور دفتری آپریشن کاسٹ وغیرہ کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ حکومت نے

(بقیہ نمبر19 صفحہ 3 پر)

پاکستانی نژاد سپانوی لڑکی نے زبردستی شادی کے خلاف قانونی جنگ جیت لی، والد گرفتار

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستانی نژاد سپانوی لڑکی نے زبردستی شادی کے خلاف قانونی جنگ جیت لی، والد کو گرفتار کرلیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اگست 2021 میں صوبہ پنجاب کے ضلع گجرات

(بقیہ نمبر20 صفحہ 3 پر)

سپریم کورٹ فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل کیخلاف انٹرا کورٹ اپیل پر سماعت ایک روز کیلئے ملتوی

خصوصی قانون کے تحت بننے والی عدالت کا دائرہ اختیار بھی محدود ہوتا ہے، آئینی بنچ کے ریمارکس

اسلام آباد (آئی این پی) سپریم کورٹ میں فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل کیخلاف انٹرا کورٹ اپیل پر سماعت کے دوران جسٹس جہاں خان مندوخیل نے ریمارکس میں کہا ہے کہ خصوصی قانون کے تحت بننے والی عدالت کا دائرہ اختیار بھی محدود ہوتا ہے، جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں آئینی بنچ نے فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل کیخلاف اپیل پر سماعت کی۔ دوران سماعت جسٹس جہاں خان مندوخیل

(بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

قوم سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، محسن نقوی

سکیورٹی فورسز نے خوارج، دہشتگردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا، قوم، دہشتگردی کے خلاف جنگ میں شہید سیکیورٹی فورسز کے افسروں اور جوانوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے

وزیراعظم نے شہید میجر عمر ازاسرار اور سپاہی محمد نعیم کے ہی خاندان کے افراد کا اور دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا

سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے شمالی وزیرستان میں خوارج دہشتگردوں کا بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے میجر عمر ازاسرار اور سپاہی محمد نعیم کو زبردست الفاظ

(بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

سوئی ملبوسات کی برآمدات میں جاری پہلی ششماہی میں سالانہ بنیادوں پر اضافہ

اسلام آباد (آئی این پی) سوئی ملبوسات کی برآمدات میں جاری مالی سال کی پہلی ششماہی میں سالانہ بنیادوں پر اضافہ اور سوئی دھاگا کی برآمدات میں کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ ادارہ شماریات پاکستان اور سٹیٹ بینک کے اعداد و شمار کے مطابق مالی سال کی پہلی ششماہی میں سوئی ملبوسات کی برآمدات کا حجم 965 ملین ڈالرز ریکارڈ کیا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے 927 ملین ڈالر کے مقابلہ میں 4 فیصد زیادہ ہے، دسمبر میں سوئی ملبوسات کی برآمدات سے ملک کو 149 ملین ڈالرز مساوی حاصل ہوا جو دسمبر 2023 کے مقابلہ میں 4 فیصد اور نومبر کے مقابلہ میں 9 فیصد زیادہ ہے، دسمبر 2023 میں سوئی ملبوسات کی برآمدات سے ملک کو 144 ملین ڈالر اور نومبر میں 136 ملین ڈالر مساوی حاصل ہوا تھا۔ اعداد و شمار کے مطابق

(بقیہ نمبر3 صفحہ 3 پر)

عوام سولر پینل خریدنے کی سکت نہیں رکھتے نہ ان کے پاس سرمایہ ہے

عوام کے مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے پالیسی بنائی ہوگی، شیری رحمان

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کی سینیٹر رہنما سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ حکومت کو عوام کے مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے پالیسی بنانی

(بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد، زکوٰۃ فنڈ میں کروڑوں روپے کے غبن کا انکشاف

اکوائری کمیٹی کی بدعنوانی میں ملوث اہلکاروں کے خلاف کارروائی کی سفارش

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد کے زکوٰۃ فنڈ میں کروڑوں روپے کے غبن کا انکشاف ہوا ہے، اکوائری کمیٹی نے بدعنوانی میں ملوث اہلکاروں کے خلاف کارروائی کی سفارش کردی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق 185 زکوٰۃ کمیٹیوں کے متعدد چیئرمین بھی مبینہ طور پر غبن میں ملوث ہیں، غریب اور نادار افراد کے فنڈ میں کرپشن کی اکوائری اکتوبر 2024 میں شروع ہوئی، ابتدائی اکوائری رپورٹ وزارت داخلہ کو بھجوادی گئی ہے، انکشاف ہوا ہے کہ متعدد زکوٰۃ کمیٹیوں کا ریکارڈ ہی غائب کردیا گیا ہے۔ ابتدائی رپورٹ میں زکوٰۃ فنڈ کو شفاف بنانے کے لیے ایمرجنسی اقدامات کی سفارش کی گئی ہے، ان میں ایڈمن آفیسر، سینوئر بینک کو سروس

(بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

چینی وزیراعظم کا دورہ پاکستان

چین کے وزیراعظم لی چیانگ آئندہ ماہ پاکستان کا تین روزہ سرکاری دورہ کریں گے2013ء ۔ کے بعد چین کے وزیراعظم کا یہ پہلا دورہ ہوگا۔ سفارتی ذرائع کے مطابق چینی وزیراعظم کا دورہ پاکستان 2 حصوں پر مشتمل ہوگا، دورے کے پہلے حصے کے تحت چینی وزیراعظم 14 اکتوبر کو اسلام آباد پہنچیں گے۔ گذشتہ نے بتایا کہ دوطرفہ دورے میں پاک چین تعلقات اور دیگر امور زیرغور آئیں گے، چینی وزیراعظم کے دورے کا دوسرا حصہ 15 اکتوبر سے کشیر انجتبی ہوگا، وہ 15 اور 16 اکتوبر کو شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) سربراہان حکومت کے اجلاس میں شرکت کریں گے۔ اس دورے کے دوران دونوں ممالک کے درمیان متعدد معاہدوں پر دستخط کے ساتھ ساتھ اہم ایل ون منصوبے کی تعمیر سے متعلق مزید پیشرفت کا قوی امکان ہے، اربوں ڈالر کے کوریڈور منصوبے اور ثقافتی تبادلے کی اقدامات کے ذریعے دوطرفہ تعلقات کو فروغ ملے گا۔ چینی وزیراعظم کا پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کی تجویز بھی زیرغور ہے۔ کسی بھی چینی وزیراعظم کا یہ گزشتہ 11 سال کے دوران پہلا دورہ ہے جسے حکومت پاک۔ چین تعلقات میں بہتری بالخصوص وزیراعظم شہباز شریف کے دورہ چین کے حوالے سے دوطرفہ رابطوں کا تسلسل قرار دے رہی ہے۔ واضح رہے کہ رواں سال جون میں پاکستانی وزیراعظم شہباز شریف نے چین کا دورہ کیا تھا، جس میں قرارداد مہابی وے، ایم ایل ون، گنجرانہ پاس، گوادر پورٹ منصوبوں اور زراعت، انفرا سٹرکچر اور صنعتی تعاون سمیت مختلف شعبوں میں 23 معاہدوں اور یادداشتوں پر دستخط کیے گئے تھے۔ چینی وزیراعظم کا یہ دورہ پیپلز لبریشن آرمی گراؤنڈ فورسز کے کمانڈر جنرل لی چیاؤ منگ کے دورے کے بعد ہو رہا ہے، وہ 26 اگست کو پاکستان کے دورے پر آئے تھے۔ دورے کے دوران صدر مملکت آصف علی زرداری نے انہیں نشانِ امتیاز ملٹری سے نوازا تھا۔ واضح رہے کہ لی چیانگ مارچ 2023ء ۔ میں چین کے آٹھویں وزیراعظم بنے، اُن کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ غیر معمولی قوت ارادی کے مالک ہیں اسی وجہ سے انہیں مضبوط وزیراعظم مانا جاتا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے منگل کو چینی سفیر جیانگ زیڈانگ سے بھی ملاقات کی جس کے دوران انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور چین کی دوستی ہر آزمائش پر پوری اتری ہے، یہ خطے کے ساتھ ساتھ نہ صرف عالمی امن بلکہ ترقی کے لیے بھی ناگزیر ہے۔ اُن کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان چین کے ساتھ انفارمیشن ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت اور جدید زراعت جیسے کلیدی شعبوں میں تعاون بڑھانے کا خواہاں ہے۔ پاکستان اور چین کے سفارتی تعلقات کئی دہائیوں پر محیط ہیں، پاکستان اور چین کے درمیان 21 مئی 1951ء ۔ کو سفارتی تعلقات قائم ہوئے۔ پاکستان عوامی جمہوریہ چین کو تسلیم کرنے والے اولین ممالک میں شامل تھا، چینی قیادت اب تک اس بات کی معترف ہے کہ پاکستان چین کو تسلیم کرنے والا پہلا مسلم ملک تھا۔ چیئرمین ماؤزے تنگ نے اسی وقت وزارت خارجہ کو پاکستان کے ساتھ تعلقات بہتر بنانے کی ہدایت کر دی تھی جو دونوں ممالک کے درمیان گہرے تزویراتی تعلقات کا سنگِ بنیاد بنی۔

ماؤزے 1956ء ۔ میں پاکستان میں اپنے دوسرے سفیر کو مقرر کرتے وقت کہا تھا کہ پاکستان چین کا "جنوب مغربی دروازہ" ہے۔ سابق وزیراعظم حسین شہید سہروردی اکتوبر 1956ء ۔ میں بیجنگ کا دورہ کرنے والے پہلے پاکستانی رہنما تھے اور اُن کے محض دو ماہ بعد ہی چین کے معروف رہنما چواین لائی 10 روزہ دورے پر پاکستان آئے۔ پاک چین تعلقات کے ابتدائی دنوں میں یہ دورے "باہمی اعتماد" کی بنیاد رکھنے میں مددگار ثابت ہوئے جو آج دونوں ممالک کی تزویراتی شراکت داری کا مرکز ہے۔ پاکستان اور چین نے 1963ء ۔ میں سرحدی معاہدہ کیا، چین نے 750 مربع میل کا علاقہ پاکستان کے حق میں چھوڑ دیا، یہ سرحدی معاہدہ پاکستان اور چین کے تعلقات میں ایک اہم موڑ تھا، اس کی وجہ سے دونوں ممالک کا باہمی اعتماد بڑھ گیا، پاکستان 1964ء ۔ میں چین کے ساتھ پروازیں شروع کرنے والا پہلا غیر کمیونسٹ ملک بن گیا، کئی سالوں تک چینیوں نے بین الاقوامی سفر کے لیے پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز کا استعمال کیا 1966ء ۔ میں شاہراہ قراقرم کی تعمیر کا فیصلہ دونوں ممالک کے تعلقات میں سنگِ میل کی حیثیت رکھتا ہے، اسی کی بدولت چین کا سنکیانگ صوبہ پاکستان سے جڑ گیا اور آج اس راستے نے پاک چین اقتصادی راہداری (سی پیک) کی شکل اختیار کر لی ہے۔ چین نے پاکستان کو 60 کی دہائی کے آخر میں ٹیکسلا میں قائم بھاری صنعت کی صلاحیت کو بڑھانے میں مدد فراہم کی جبکہ 1971ء ۔ کے غیر معمولی حالات میں پاکستان کو نہ صرف سفارتی اور سیاسی حمایت فراہم کی بلکہ جنگی امداد بھی جاری رکھی۔ گذشتہ چند سالوں میں پاکستان اور چین نے اپنے اقتصادی تعاون پر خاص توجہ دی ہے۔ چین کے مشہور زمانہ بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو (بی آر آئی) میں شامل ہونے والے اولین ممالک میں پاکستان بھی شامل تھا، اس کے پائلٹ پراجیکٹ کے طور پر سی پیک نے قریباً چھ سالوں کے دوران ٹھوس نتائج حاصل کیے اور اب سی پیک پاکستان کی ترقی کا ضامن بن چکا ہے، یہ نہ صرف پاکستان میں بلکہ خطے میں علاقائی تجارت اور توانائی کے مرکز کے طور پر ابھرنے میں مدد فراہم کر سکتا ہے۔ سی پیک پاکستان اور چین کے علاوہ جنوبی ایشیا، وسطی ایشیا اور مشرق وسطیٰ کے دیگر ممالک کے درمیان ایک پہ چل کا کردار ادا کرے گا جس سے خطے کے تمام ممالک کو تجارتی فائدہ حاصل ہو سکتا ہے۔ چین کے وزیراعظم کا پاکستان میں تین روزہ سرکاری آمد سفارتی محاذ پر پاکستان کے لیے ایک بڑی کامیابی قرار دی جا رہی ہے، یہ دورہ ہر لحاظ سے بہت اہمیت کا حامل ہے بالخصوص ایسے وقت میں جب بھارت پاکستان میں ایس سی او کے سربراہان کے اجلاس میں شرکت کے معاملے پر مکمل خاموشی اختیار کیے ہوئے ہے، پاکستان اسے شرکت کی دعوت دے چکا ہے لیکن ابھی تک کوئی بھی جواب موصول نہیں ہوا ہے، بس اس کے بعد بھارتی وزیر خارجہ نے اپنی طرف سے مسئلہ کشمیر حل کرنے کا اعلان کرتے ہوئے مزید بات چیت کا راستہ بند کر دیا۔ ماہرین کے مطابق یہ دورہ خطے میں استحکام برقرار رکھنے اور جنوبی ایشیا میں دیگر طاقتوں کے اثر و رسوخ کو تعین کرنے میں مددگار ثابت ہوگا۔ پاکستان اس وقت معاشی عدم استحکام کا شکار ہے، سیاسی محاذ پر بھی مسائل کا سامنا ہے، ایسے میں ملک میں بین الاقوامی سرمایہ کاری اور دوستوں کے تعاون سے ہی آگے بڑھا جا سکتا ہے۔ موجودہ حالات میں چینی وزیراعظم کا دورہ خوش آئند ہے۔ تمام سیاسی و عسکری قیادت کو مل کر اس دورے کو مفید تر بنانے کا اہتمام کرنا چاہئے، ماضی کی طرح کسی بھی ایسے اقدام سے گریز کرنا چاہئے جس سے اس دورے کے مطلوبہ مقاصد حاصل نہ کیے جا سکیں اور ملک کی معیشت کو مضبوط کرنے کے لئے ہر ایک کو ہر ممکن کوشش کرنی چاہئے تاکہ روشن مستقبل کا خواب شرمندہ تعبیر ہو سکے۔

اوتھل ہزاری میں تعلیمی سہولیات کا فقدان، طلبہ کا اسکول عمارت کے لیے احتجاج

اوتھل (یو این اے) بلوچستان کے ضلع لسبیلہ کی تحصیل اوتھل کے اندر کے دروازہ علاقے ہزاری میں طلبہ نے اسکول کی عمارت اور بنیادی سہولیات کے فقدان کے خلاف احتجاج کیا۔ مظاہرین نے ہاتھوں میں بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے، جن پر تعلیم، مارا بنیادی حق بیدار" جیسے اسکول کی عمارت دو حصے ٹھرے دیتے ہوئے۔ واسکول بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن (BEF) کے تحت 2009 سے قائم ہے، جہاں واحد استاد مسلسل خان تدریسی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ تاہم، اب تک اسکول کے لیے کوئی مستقل عمارت تعمیر نہیں کی گئی، جس کے باعث بچے کھپریل شیڈ نما جگہ میں چھے گھنٹے آسان تک تعلیم حاصل کرنے پر مجبور ہیں۔ یہاں میں شدید دھوپ اور دہ جہ حرارت طلبہ کے لیے تعلیم جاری رکھنا دشوار بنا دیتا ہے۔ سردیوں میں خنڈی ہوائیں اور بارشیں تعلیمی سرگرمیوں کو مفلوج کر دیتی ہیں۔ بارش کے دوران اسکول کھلا طور پر غیر فعال ہو جاتا ہے کیونکہ چھت پانی سے ادرنہ

لوالائی: بین طاہر ہاشمی کی رہائی کے مطالبے پر واکس پرچین مہم دیگر کونسلرز کے خلاف ایف آئی آر درج کرلیا

کوئٹہ (یو این اے) چیرمین میونسپل کمیٹی طاہر ہاشمی نے اپنے دفتر کے سامنے بارکس کونسل کے کونسلر کی رہائش کے خلاف واکس چین مہم جاری کر دی انتائیل کے خلاف ایف آئی آر درج کر دادی انتائیل کے خلاف ایف آئی آر درج کر دادی ہے۔ یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب چیرمین طاہر ہاشمی کی درخواست پر لیبر فورس نے ریٹ ہاس کو سیل کرنے کی کوشش کی، جسے کونسلر کی حفاظت کے بعد واپس لے لیا گیا تھا۔ واکس چین جاری نزیع انتائیل نے کل ایک میڈیا انڈوہیں اس معاملے پر اپنی بات کرتے ہوئے کہا کہ سیٹیل کمیٹی کی جگہ عدم دوہے کے باعث 10 جنوری 2025 کو کونسلر کی منظوری سے ریٹ ہاؤ کو واکس چین کا دفتر بنانے کی منظوری دی گئی تھی۔ واکس چین میں نے اس ایف آئی آر کو بدنیتی پر مبنی قرار دیتے ہوئے کہا کہ "ہم عوامی نمائندے ہیں اور ان جھوٹی ایف آئی آرز سے خوفزدہ نہیں ہیں"۔ یہ تازہ کارروائی میں سیٹیل کمیٹی کے اموری انتظامی اور سیاسی حکم پر پیچیدگیوں کا اجرا کرتا ہے۔ ایف آئی آر کے درج ہونے کے بعد، صورتحال مزید کشیدہ ہوگئی ہے اور دونوں فریقین اپنے اپنے موقف پر مضبوطی سے قائم ہیں۔ بس معاملے پر اپنی بات کرتے ہوئے کہا کہ سیٹیل کمیٹی کی جگہ عدم دوہے کے باعث 10 جنوری 2025 کو کونسلر کی منظوری سے ریٹ ہاؤ کو واکس

نوشکی: کلی مینگل کے قریب گاڑی پر مسلح افراد کی فائرنگ، ایک شخص ہلاک

نوشکی (یو این اے) نوشکی کے علاقے کلی مینگل کے قریب مسلح افراد نے ایک گاڑی پر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں طارق مینگل ولد نیک نظر مینگل، ساکن کلی قادر آباد ہلاک ہوگئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق فائرنگ کا یہ واقعہ کلی مینگل کے نزدیک پیش آیا، جہاں مسلح ملزمان نے گاڑی پر حملہ آور کیا اور طارق مینگل کو نشانہ بنایا۔ ملزمان فائرنگ کے بعد موقع سے فرار ہوگئے۔ ہلاک ہونے والے شخص کی نعش کو بیرجمل ضلعی ہیڈ کوارٹر ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے جہاں ضروری کارروائی کے بعد مزید تحقیقات کی جا رہی ہیں۔ نوشکی کے علاقے کلی مینگل کے قریب مسلح افراد نے ایک گاڑی پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں طارق مینگل ولد نیک نظر مینگل، ساکن کلی قادر آباد ہلاک ہوگئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق فائرنگ کا یہ واقعہ کلی مینگل کے نزدیک پیش آیا، جہاں مسلح ملزمان نے گاڑی پر حملہ آور کیا اور طارق مینگل کو نشانہ بنایا۔ ملزمان فائرنگ کے بعد موقع سے فرار ہوگئے۔ ہلاک ہونے والے شخص کی نعش کو بیرجمل ضلعی ہیڈ کوارٹر ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے جہاں ضروری کارروائی کے بعد مزید تحقیقات کی جا رہی ہیں۔ نوشکی کے علاقے کلی مینگل کے قریب مسلح افراد نے ایک گاڑی پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں طارق مینگل ولد نیک نظر مینگل، ساکن کلی قادر آباد ہلاک ہوگئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق فائرنگ کا یہ واقعہ کلی مینگل کے نزدیک پیش آیا، جہاں مسلح ملزمان نے گاڑی پر حملہ آور کیا اور طارق مینگل کو نشانہ بنایا۔ ملزمان فائرنگ کے بعد موقع سے فرار ہوگئے۔ ہلاک ہونے والے شخص کی نعش کو بیرجمل ضلعی ہیڈ کوارٹر ہسپتال

بلوچستان گرینڈ الائنس فیصلہ کن تحریک کی طرف قدم بڑھا رہی ہے، حاجی علی اصغر بنگلزئی

آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن بلوچستان کے صوبائی کابینہ کا اجلاس زیر صدارت صوبائی صدر حاجی علی اصغر بنگلزئی ایچ کے صوبائی دفتر میں منعقد ہوا۔ اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کی سعادت حاجی محمد کریم کے حصے میں آئی۔ اجلاس میں صوبائی جنرل سیکرٹری ملک امیر زادہ علیزئی نائب صدر حاجی محمد کریم و ڈپٹی جنرل سیکرٹری رہا شاہ جواہر سیکرٹری حسین بخش پرلیس سیکرٹری ظہور بلوچ فائنس سیکرٹری دلمعفرنان جوہدان و دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس میں بلوچستان گرینڈ الائنس فیصلہ کن تحریک کی طرف قدم بڑھارہی ہے جس کے اصلاحات کے پلیٹ فارم پر ملازمین کے مسائل کو حل کیلئے جدوجہد ایک ثبت عمل ہے جس کے بہتر نتائج برآمد ہونگے۔ آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن بلوچستان کے صوبائی کابینہ کا اجلاس زیر صدارت صوبائی صدر حاجی علی اصغر بنگلزئی و صوبائی جنرل سیکرٹری ملک امیر زادہ علیزئی نے کہا بلوچستان گرینڈ الائنس فیصلہ کن تحریک کی طرف قدم بڑھارہی ہے پشتون سیت اہم مسائل پر تحریک کا آغاز ہوگا۔ اداروں میں اصلاحات کیلئے مضبوط قدم ہے کیونکہ ملازمین کی نمائندوں کو بٹھا کر فیصلے کرے ملازمین کی تنخواہیں اور مراعات کو بیان کیئے جائیں اس حوالے سے ایک گرینڈ الائنس کا تشکیل شدہ سب کمیٹی کی قربانی سے درج کیں گی۔ انہوں نے کہا کہ ملازمین کی اموروں کا محور لیکا ہے۔ لیکا نے بلوچستان گرینڈ الائنس کے پلیٹ فارم سے تحریک میں مشترکہ قرارداد کے ذریعے بلوچستان بھر میں کلرکس کے تمام اضلاع کے ذمہ داران گرینڈ الائنس کے پالیسیوں پر مملدآمد کرتے ہوئے اپنے اپنے اضلاع میں الائنس کے تمام امور میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں انہوں نے کہا ایک کا آئین مقدم ہے کابینہ اور کلس عامہ کے فیصلوں پر

حکومت فیصلوں کے برخلاف زبردستی اور غیر قانونی طور پر کٹوتی کی جاری ہے، پروفیسر ڈاکٹر محمد اللہ

یونیورسٹی کے ملازمین، ریٹائرڈ پروفیسرز اور افسران کے گھروں میں بھی کئی مہینوں کے لیے تنگ کی خوراک نہیں کی گیا

پرمل بیرا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی آف بلوچستان ایک خودمختار ادارہ ہے جسے ہائی پالیسی ساز اداروں میں کے کام کے فیصلوں کے برخلاف زبردستی اور غیر قانونی طور پر کٹوتی کے کا قوی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ یونیورسٹی کا قوی میں، رائٹس پذیرا ساتھ دکرام اور افسران کے گھروں میں بھی مہینوں کے لیے ایک کلہ بھی خرچ نہیں کیا گیا اسی لئے یونیورسٹی کے پالیسی ساز اداروں میں فیصلے کیا گیا کہ یونیورسٹی کے کاموں میں رہائی کی جو ماہ میں بلوچستان کام کر چکے لہذا ان سے 5 فیصد کٹوتی نہیں کی جائیگی لیکن اب یونیورسٹی انتظامیہ نے ایک نوٹیفیکشن کے ذریعے مہینوں اور مرمت کے مد

اتحاد اہلسنت پاکستان کا بلوچستان یونیورسٹی کی نوتعقیب کابینہ کو مبارک باد

کوئٹہ سمیت اندرون بلوچستان کے صحافیوں کو درپیش مسائل کو حل کرنے میں اپنا نمایاں کردار ادا کریں

کوئٹہ (یو این اے) اتحاد اہلسنت پاکستان کے سربراہ قبلہ اہلسنت حضرت علامہ مولانا ابوالرضا داؤد محمد فریادی دامت برکاتہ العالیہ، مرکزی نیز لیکرٹری علامہ علی نواز اللقادری مظہد العالی ودیگر عہدیداران نے اپنے جاری بیان میں بلوچستان یونیورسٹی کی نوتعقیب کابینہ کو مبارک باد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان یونیورسٹی کی نوتعقیب کابینہ صوبے کے صحافیوں کو درپیش مسائل کے حل میں مشترکہ قرارداد کے ذریعے کے کوشاں ہے۔ پرعزمانی اور لوٹ مار کرنے والوں کو بے نقاب کریں گے۔ اتحاد اہلسنت پاکستان کے سربراہ قبلہ اہلسنت حضرت علامہ مولانا ابوالرضا داؤد محمد فریادی دامت برکاتہ العالیہ، مرکزی نیز لیکرٹری علامہ علی نواز اللقادری مظہد العالی ودیگر عہدیداران نے اپنے بیان میں بلوچستان یونیورسٹی کی نوتعقیب کابینہ کو مبارک باد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان یونیورسٹی کی نوتعقیب کابینہ صوبے کے صحافیوں کو درپیش مسائل کے حل میں مشترکہ قرارداد کے ذریعے کے کوشاں ہے۔ صوبائی صدر حاجی علی اصغر بنگلزئی نے کہا کہ

بقیہ 1

پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، ہم متحد ہیں اور یہی ہماری جیت ہے۔

بقیہ 2

تجارت اور سماجی ترقی کا اہم شراکت دار ہے، پاکستان اور برطانیہ کے درمیان تعلقات کو مزید مستحکم کرنا چاہتے ہیں۔ دوسری جانب برطانوی ڈپٹی کلچر کا کہنا تھا کہ پاکستان میں گزارا وقت ہمیشہ یادگار رہے گا، تعاون جاری رکھیں گے۔ دوران ملاقات کونسلر جنرل نے پاکستان کی خدمات کو سراہتے ہوئے نیک تمنا کا اظہار کیا اور بدلتے علاقائی حالات میں پاک برطانیہ دوطرفہ تعاون مزید مضبوط بنانے پر زور دیا۔

بقیہ 3

دوران جام شہادت نوش کرنے والے معجز مرزہ اسرار اور سپاہی محمد نعیم کو خراج عقیدت پیش کیا اور اپنی بہادری اور جذبہ سے شہداء کے لواحقین کے ساتھ اظہار ہمدردی کیا اور ہمیشہ کیلئے ان کی دعا کی۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کے مکمل خاتمے تک سیکورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی دہشت گرد خوارج کے خاتمے تک ملکی دفاع کیلئے ہر ادارہ غیر متزلزل رہے گا، ہمدرد ملک کے فتنہ الخوارج کے خاتمے تک کوئی مرہم کا اظہار کیا جائے گا۔ دریں اثناء وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ حکومت اور سیکورٹی فورسز ملک سے دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے متحرک ہیں۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے شمالی وزیرستان کے علاقے میں ملی 6 جوانوں کو جام شہادت نوش کرنے پر سیکورٹی فورسز کے افسران و جوانوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے خارجیوں کے خلاف کارروائی میں معجز مرزہ اسرار اور سپاہی محمد نعیم کی شہادت پر گہرے دکھ اور غم کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے شہداء کی بلندی درجات اور اہل خانہ کیلئے صبر کی دعا دی۔ اس کا کہنا تھا کہ قوم کے بیٹوں کی عظیم قربانیاں رائیگاں نہیں جانے دیں گے۔ شہباز شریف نے مزید کہا کہ ملک دشمن عناصر کے مذموم عزائم کو ناکام بنانے میں ہمارے سکیورٹی فورسز ملک کے دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے متحرک ہیں۔ واضح رہے کہ 29 اور 30 جنوری کی درمیانی شب سیکورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان کے علاقے میرعلی میں خارجی دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کلیئرنگ آپریشن کیا جس میں 6 خارجی دہشت گرد جہنم واصل ہو گئے، دہشت گردوں سے بھرپور کے دوران معجز مرزہ اسرار اور سپاہی محمد نعیم شہید ہوئے۔

بقیہ 4

انہوں نے کہا کہ اگلے مالی سال میں پالیسی و ایف بی آر سے الگ کر دیں گے تھوڑا وقت اور بوجھ کرنے کیلئے اقدامات کریں گے۔ وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ 70 فیصد افراد پر سپریٹگی عائد نہیں، انہوں نے کہا تنخواہ دار طبقے کے ٹیکس فارم کو سادہ رکھنے کے لیے اقدامات کر رہے ہیں۔ وزیر خزانہ نے مطابق سرمایہ کاروں کو دس، دس فیصد ٹیکس دینا ہوگا، ہم ٹیکس کا دائرہ کار بڑھا رہے ہیں۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ ہم ٹیکس کی بنیاد کو وسیع کریں گے، ٹیکس کلچر کو تبدیل کرنا ہے۔ سینئر شہری کو ایف بی آر کے فارم جارڈ را کا ڈنٹ بھی نہیں بھرسکتے۔ ایف بی آر حکام نے اجلاس کو بتایا کہ رواں مالی سال ٹیکس وصولی میں کمی ہونگی میں کمی کا باعث ہے، رواں مالی سال کے پہلے چھ ماہ میں درآمدات میں کمی ہوئی۔ ایف بی آر حکام نے کہا کہ اس سال آئم ٹیکس فائر کی تعداد 40 لاکھ ہوگی کز شرشس تعداد 20 لاکھ تھی۔

بقیہ 5

کردیا گیا۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز صدر مملکت آصف علی زرداری نے پیکا ترمیمی بل 2025 اور بجٹیش بلس بل 2025 پر دستخط کر دیئے تھے جس کے بعد دونوں بل قانون بن گئے ہیں۔ خیال رہے کہ حکومت کی جانب سے ترمیمی بل پہلے قومی اسمبلی سے منظور کرایا گیا تھا اور اس کے بعد ایوان بالا نے بھی ترمیمی بل کی منظوری دے دی تھی جس کے بعد صدر مملکت کے دستخط کے لیے ایوان صدر بھیجا گیا تھا۔

بقیہ 6

تھیں کہ لائے گی۔ اعلامیہ کے مطابق اجلاس میں پیٹرولیم ڈویژن کی سفارش پر آف فی گرڈ ایوی کیپٹو پاور پلانٹس آرڈیننس کی بھی منظوری دی گی اور وزارت موسمیاتی تبدیلی کی سفارش پر فعال ایسٹ ایشیا ایجنڈے کی پارٹی کی تنقیح بھی کر دی گئی ہے۔ وزارت تجارت کی سفارش پر حکومت پاکستان اور یورپی یونین میں ایکسپورٹ ریٹس کو تقسیم کا معاہدہ بھی منظور ہوا۔ اجلاس میں بی ایم ایجنسٹ کے ٹی بی ریئر انجینئر حبیب الرحمان کو وہ ماہ کیلئے مزید توسیع دے کی بھی منظوری دی گئی اور وزیراعظم نے کراچی پورٹ ٹرسٹ کے چاقدمہ چیئرمین کی تعیناتی کا عمل فی الفور مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ کابینہ اجلاس میں اطہار خیال کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات کے لیے ایڈیشنل چیئرمین کمیٹی قومی مرحوم کی 28 ویں کمیٹی کو کمیٹی میٹنگ میں شرکت سے بھاگ گئی، ملک کی اختیارات سے متعلق کمیٹی میں بھی یہ ہوتا رہا ہے اب ہم نے مذاکرات کیلئے تیار ہیں اور چاہتے ہیں کہ آگے چلے۔ وزیراعظم نے کہا کہ کھلے دل سے پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات کر رہے ہیں اور ایڈیشنل چیئرمین کمیٹی کی 28 ویں کمیٹی کو کمیٹی میٹنگ میں شرکت سے بھاگ گئی، حکومت کو کمیٹی میٹنگ کے بائیکاٹ کا فیصلہ کرنا پڑا۔ وزیراعظم نے کہا کہ

لاپتہ افراد کی بازیابی کے کیسز کی سماعت اٹارنی جنرل طلب

حکومت کو مزید وقت دیا جائے اور ذمہ داران کا تعین کیا جائے، وکیل ایمان مزاری کی استدعا، ذمہ داروں کا تعین کرنے کیلئے کتنا وقت درکار ہے؟ جسٹس ارباب محمد طاہر

سنیٹ کی ساری ورکنگ اسٹیبلشمنٹ ہو جائے گی، جو دہشت گرد ہو گا اس کو دہشت گرد کہوں گا، جو دہشت گرد نہیں ہو گا اسے پھر ریاست کہنا ہوگا، جسٹس محسن اختر کیانی

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے منگ پرسنز کی بازیابی کے کیسز کی سماعت مارچ کے پہلے ہفتے تک ملتوی کردی، عدالت نے اٹارنی جنرل منصور اعوان کو آئندہ سماعت پر معاونت کیلئے طلب کر لیا۔ ایمان مزاری ایڈووکیٹ کے کیسز کی میری عدالت سے استدعا ہے کہ حکومت کو مزید وقت نہ دیا جائے اور ذمہ داران کا تعین کیا جائے، جس پر جسٹس ارباب محمد

(بقیہ 39 ونی صفحہ 3)

مغربی ہواؤں کی انٹری، لاہور میں آئندہ 2 روز کے دوران بارش کا امکان

بالائی علاقوں میں شدید ٹھنڈ، سوات میں برفباری، پہاڑ سفید چادر میں چھپ گئے

اسلام آباد (آئی این پی) ملک بھر میں مغربی ہواؤں کی انٹری ہو گئی، محکمہ موسمیات کے مطابق لاہور میں آئندہ دو روز کے دوران بارش کی پیشگوئی کر دی، ملک کے دیگر شہروں میں بالائی علاقوں میں موسم سرد اور خشک رہنے کا امکان جبکہ بالائی خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان اور کشمیر میں موسم ابر آلود رہنے کے علاوہ چند مقامات پر ہلکی بارش اور پہاڑوں پر ہلکی برفباری متوقع ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق لاہور میں یکم اور 2 فروری کو بارش کا امکان ہے۔

(بقیہ 40 ونی صفحہ 3)

سیکرٹری خزانہ عمران رزکون بلوچستان سیمن پرا ہیکٹ سے متعلق روڈ شو کی ٹیم بریفنگ دے رہی ہیں

پی ٹی آئی نے مذاکرات کی دوسری نشست میں بانی پی ٹی آئی، شاہ محمود کی رہائی کا مطالبہ کیا تھا، عرفان صدیقی کا دعویٰ

جمہوری پارلیمانی رویے میں ہی سب مشکل مسائل حل ہوتے ہیں، ہم پہلی والا کھیل نہیں بنانا چاہتے کہ اب مذاکرات نہیں ہوں گے، عرفان صدیقی نے کہا کہ ٹکٹ

اسلام آباد (آئی این پی) حکومتی مذاکراتی کمیٹی کے رکن سینیٹر عرفان صدیقی نے دعویٰ کیا ہے کہ پی ٹی آئی نے مذاکرات کی دوسری نشست میں بانی پی ٹی آئی عمران خان، شاہ محمود قریشی، پاکستان راشد، اعجاز چودری اور محمود الرشید کی رہائی کا مطالبہ کیا تھا۔ ایک انٹرویو میں عرفان صدیقی نے کہا کہ اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے پی ٹی آئی کمیٹی سے رابطہ کیا اور مذاکرات کی دعوت دی، جاری اپنے موقف تھا حکومتی کمیٹی تحلیل کر دیں لیکن 31 جنوری تک برقرار رکھا، ہم آج تک میٹنگ کیلئے تیار ہیں لیکن وہ پی ٹی آئی نے مذاکراتی کمیٹی تحلیل کر دی، سیاسی اور جمہوری پارلیمانی رویے سے جس میں سخت مزاجی نہیں لانا چاہتے، ہم پہلی والا کھیل نہیں بنانا چاہتے کہ اب مذاکرات نہیں ہوں گے۔ عرفان صدیقی نے کہا کہ ٹکٹ لے گیا تھا کہ بانی پر کیا گزرے گی، ٹکٹ لینے والے تو پیچھے رہ گئے، ہم نے کہا کہ ہمارا مطالبہ ہے کہ ہم کو مدعو کیا جائے، ہم نے کہا کہ ہم کو مدعو کیا جائے تو وہ اس کی مشکل کو

(بقیہ 49 ونی صفحہ 3)

صدر نے متنازع بل پر عجلت میں دستخط کر کے ثابت اصل چیز اقتدار ہے، جمہوریت نہیں، حافظ حمد اللہ

حکومت نے متنازع پیکا ایکٹ پر اپوزیشن، سیاسی جماعتوں اور صحافیوں کو اعتماد میں نہیں لیا

اسلام آباد (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما حافظ حمد اللہ نے کہا ہے کہ حکومت نے متنازع پیکا ایکٹ پر اپوزیشن، کسی سیاسی جماعت اور صحافیوں کو اعتماد میں نہیں لیا، ہم نے مشاورت کی تھی، صدر نے عجلت میں متنازع بل پر دستخط کر دیے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ اصول کی بات ہے کہ پارلیمنٹ سے قانون سازی کرے ہے تو صحافی و میڈیا تنظیموں اور تمام اسٹیک ہولڈرز سے بات تو کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ پورے ملک میں صحافی و میڈیا تنظیمیں سراپا احتجاج ہیں، بین الاقوامی تنظیموں کا کہنا ہے کہ اس متنازع قانون کی مخالفت کی ہے تو صدر نے متنازع قانون پر دستخط کیوں کیے؟ ہم نے متنازع قانون کی مخالفت کی ہے تو صدر نے متنازع قانون پر دستخط کیوں کیے؟ یہ تو پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ بڑی سیاسی پارٹیاں اپوزیشن میں جمہوریت کی چیمپئن ہوتی

(بقیہ 38 ونی صفحہ 3)

امریکا میڈیا پاکستانی سفیر کا میڈیا پر لگنے والی نئی پابندیوں کا دفاع

جب تعمیری تنقید کی جاتی ہے تو حکومت اس کا خیر مقدم کرتی ہے، پیکا ایکٹ میں ترامیم آزادی اظہار کو روکنے کے لیے نہیں، بنائی گئی ہیں

سوشل اور ڈیجیٹل میڈیا کو ریگولیٹ کرنے کا اقدام، ڈیجیٹل میڈیا کے نمبر ذمہ داران کو اسٹیشن کیلئے متعین کیا جائے، صحافیوں کو جواب دینا بھی جانتا ہوں، جب تک پیپرا اور پی ٹی اے مطمئن نہیں ہوتے، جیمز مین

واشنگٹن (آئی این پی) امریکا میں پاکستانی سفیر رضوان سعید شیخ نے میڈیا پر لگنے والی نئی پابندیوں کا دفاع کرتے ہوئے کہا ہے کہ جب تعمیری تنقید کی جاتی ہے تو حکومت اس کا خیر مقدم کرتی ہے، انہوں نے آزادی اظہار کی تحدید کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق امریکی دارالحکومت واشنگٹن میں دی واشنگٹن ڈپلومیٹ کے زیر اہتمام منعقدہ ایوسیڈر

(بقیہ 54 ونی صفحہ 3)

9 فروری کو میرغیاث اللہ لانگو کی جیت یقینی ہے، یونین کونسل زہرانی چیر مین و وائس چیر مین کا بیان

جوبان، کرنگ اور ترنک کے علاقہ ترقی پسند، لانگو برادران کی خدمات ناقابل فراموش، مشترکہ بیان

خاکی (ایوان اے) یونین کونسل زہرانی کے چیر مین حاجی عبدالحمید لانگو، وائس چیئرمین فیض سالاری، کنوکران حاجی عبدالرحمٰن لانگو، میر عزت اللہ لانگو، محمد نواز لانگو اور دیگر نمائندگان نے ایک مشترکہ بیان جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ 9 فروری کا دن میر غیاث اللہ لانگو کی جیت کا سورج ہے کہ طلوع ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ کرنگ، جوبان اور ترنک کے عوام ہمیشہ ترقی پسند قوتوں کے ساتھ رہے ہیں اور اس بار بھی وہ سابق وزیر داخلہ بلوچستان میر غیاث اللہ لانگو کو اپنا قائد تسلیم کرتے ہیں، جس میں بدوت عوام اپنا حق ہی ان پر اعتماد کرتے ہیں۔ نمائندگان نے کہا کہ 9 فروری کو ہونے والی ری پولنگ میں عوام کے انتخابی نشان پر مہر ثبت کر کے ثابت کر دیں گے کہ وہ ترقی پسند سوچ کے حامل ہیں۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ بڑی تعداد میں پولنگ اسٹیشن پر پہنچیں اور میر غیاث اللہ لانگو کو کامیاب بنا کر علاقے کی ترقی کا راستہ ہموار کریں۔ لانگو برادران کی قیادت میں ترقی کا سفر جاری رہے گا مشترکہ بیان میں کہا گیا کہ لانگو برادران نے ہمیشہ علاقے کے عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا ہے۔ ان کی قیادت میں تعلیم، صحت، بنیادی سہولیات اور انفرا سٹرکچر کے منصوبے مکمل کیے گئے اور آئندہ بھی یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ عوامی فلاح و بہبود کے لیے جو کام لانگو برادران نے کیے ہیں، وہ کسی

(بقیہ 55 ونی صفحہ 3)

ہم عوام کی خدمت کریں گے، کوشیار ڈومکی کی تنبیہ

میٹرو پولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کی استعداد کار کو بڑھانے اور یونیوں میں اضافے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے، صوبائی وزیر بلدیات

تاکہ کوئٹہ شہر میں صفائی ستھرائی اور میونسپل سروسز کا کام بہتر طریقے سے ہو سکے، دوسری جانب چاک اور سریاب میں مزید دو فائر اسٹیشن قائم کیے گئے ہیں

کوئٹہ (پ ر) صوبائی وزیر بلدیات میر کوہیار بلیدی نے کہا ہے کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کی ڈویژنل کارکردگی اور یونیوں میں اضافے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے صوبائی وزیر بلدیات میر کوہیار بلیدی نے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر میں صفائی ستھرائی اور میونسپل سروسز کا کام بہتر طریقے سے ہو سکے۔ ہمارا فرض ہے کہ ہم عوام کے لیے جو کچھ کر سکیں، شہری اور خواتین کو اپنے اپنے وسائل میں قائم مسائل حل کے لیے پر

(بقیہ 56 صفحہ 2)

بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں سرد اور خشک موسم، شمالی علاقوں میں شدید سردی کی پیش گوئی کر دی

موسم کی صورتحال کے پیش نظر محکمہ موسمیات نے عوام کو احتیاطی تدابیر اپنانے کی ہدایت کی ہے

کوئٹہ (ایوان اے) محکمہ موسمیات نے بلوچستان کے مختلف اضلاع میں سرد اور خشک موسم کی پیش گوئی کی ہے۔ بلوچستان کے بیشتر علاقوں میں موسم کا زور برقرار رہے گا، جبکہ شمالی اضلاع میں شدید سردی کی توقع ہے۔ موسمی کے صورتحال کے باعث شہریوں کو احتیاطی تدابیر اپنانے کی ہدایت کی گئی ہے، خاص طور پہاڑی علاقوں میں درجہ حرارت نقطہ انجماد سے نیچے گر جانے کا امکان ہے محکمہ موسمیات نے مزید بتایا کہ کوئٹہ میں کم سے کم درجہ حرارت منفی 6 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا، جب کہ قلات میں کم سے کم درجہ حرارت منفی 5 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا، سبی میں کم سے کم درجہ حرارت منفی 3 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا، چکلہ ڈوب میں درجہ حرارت صفر ڈگری سینٹی گریڈ رہا، جب کہ سوم میں کم سے کم درجہ حرارت 8 ڈگری سینٹی گریڈ، تربت میں 11 ڈگری سینٹی گریڈ، پنجگور میں 14 ڈگری سینٹی گریڈ، گوادر میں کم سے کم درجہ حرارت 10 ڈگری سینٹی گریڈ اور جیوانی میں 12 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ موسمی صورتحال کے پیش نظر محکمہ موسمیات نے عوام کو احتیاطی تدابیر اپنانے کی ہدایت کی ہے۔ محکمہ موسمیات نے بلوچستان کے مختلف اضلاع میں سرد اور خشک موسم کی پیش گوئی کی ہے۔ بلوچستان کے بیشتر علاقوں میں سردی کا زور برقرار رہے گا، جبکہ شمالی اضلاع میں شدید سردی کی توقع ہے۔ موسم کی صورتحال کے باعث شہریوں کو احتیاطی تدابیر اپنانے کی ہدایت کی گئی ہے، خاص طور پہاڑی علاقوں میں درجہ حرارت نقطہ انجماد سے نیچے گر جانے کا امکان ہے محکمہ موسمیات نے مزید بتایا کہ کوئٹہ میں

(بقیہ 52 ونی صفحہ 3)

مکران میں مینگلوں کی شرح 80 ہوگئی کم ترین سطح پر آ گئی، وزارت خزانہ

اسلام آباد (آئی این پی) وزارت خزانہ نے کہا ہے کہ دسمبر میں مینگلی کی شرح 80 ہوگئی کم ترین سطح پر آ گئی ہے۔ وزارت خزانے کے جاری کیے گئے اعداد و شمار کے مطابق مالی سال 2024 کے پہلے 6 ماہ میں مینگلی کی شرح 7.2 فیصد رہی جو گزشتہ سال 28.8 فیصد تھی۔ دسمبر 2024 میں مینگلی کی شرح 4.1 فیصد ریکارڈ کی گئی، جو 80 ماہ کی کم ترین سطح ہے۔ رپورٹ کے مطابق شرح تبادلہ کے استحکام، مالیاتی نظم و نسق اور بہتر سپلائی نے مینگلی کم کرنے میں مدد دی۔ اسی طرح غیر قانونی فارن ایکسچینج کمپنیوں، اسمگلنگ اور ڈیزل ذخیرہ اندوزی کے خلاف سخت کارروائیوں کے بھی مہنگائی پر مثبت اثرات ظاہر ہو رہے ہیں۔ وزارت خزانہ کے مطابق حساس قیمت اشاریہ (ایس پی آئی) میں جنوری 2025 کے آخری 4 ہفتوں میں مسلسل کمی ہوئی ہے۔ 23 جنوری کو ختم ہونے والے ہفتے میں ایس پی آئی میں 0.77 فیصد کی ریکارڈ کی گئی۔ ادارہ شماریات کے اعداد و شمار میں بتایا گیا کہ 151 اشیا میں سے 12 کی قیمتوں میں کمی، 14 کی قیمتوں میں اضافہ جب کہ 25 اشیا کی قیمتیں مستقل رہیں۔ ادارہ اوزان کو متوقع اقدامات کے بعد دال چنا کی قیمت میں 52.5 روپے، دال ماش میں 37.4 روپے کی کمی ہوئی۔ مرغی کی قیمت میں 20.1 روپے کی کمی، آٹے کے 20 کلو تھیلے کی قیمت میں 1022.2 روپے کی ہوئی۔ گزشتہ 4 ہفتوں میں ٹماٹر، آلو، دالوں، انڈوں اور ایل پی جی کی قیمتوں

(بقیہ 48 ونی صفحہ 3)

اوستہ محمد پولیس تھانہ صدر اور باغ ہیڈ کی کامیاب کارروائیاں

اوستہ محمد (یو این اے) ایس پی اوستہ محمد حسنین وارث کی ہدایت پر ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد عثمان حسن بھرلی کی زیر نگرانی پولیس کے کامیاب کارروائیاں کرتے ہوئے غیر قانونی اور ضرر کے مقدمات میں مطلوب روپش ملزمان کو گرفتار کر لیا تفصیلات کے مطابق، سب انسپکٹر منظور احمد جاہلی، ایس ایچ او اوستہ محمد اور تھانہ دوران نکاب کارروائی کرتے ہوئے قتل کے مقدمے میں روپش ملزم شاہ مراد ولد محمد خان کو گرفتار کیا

(بقیہ 41 ونی صفحہ 3)

خضدار چور گینگ متحرک، میڈیکل اسٹور کا چوروں نے شترنج کر مکمل صفایا کر دیا

خضدار (یو این اے) خضدار چور گینگ متحرک گزشتہ تین ماہ سے میڈیکل اسٹوروں کا چوروں نے شترنج کر مکمل صفایا کر دیا چوروں نے ادویات سمیت کیش اور دیگر قیمتی سامان چرا کر فرار ہو گئے۔ بازار کے اندر جہاں گشت معمول پر ہوتا ہے چور آسانی کیساتھ ان ایس ایس ایس خضدار جاوید احمد زہری کے مطابق علاقوں کے ایس ایس ایس خضدار جاوید احمد زہری کے مطابق علاقوں کے دکانوں میں چوری کی تحقیق جاری کر دیا ہے۔ خضدار چور گینگ متحرک گزشتہ ماہ سے میڈیکل اسٹوروں کا چوروں نے شترنج کر مکمل صفایا کر دیا چوروں نے ادویات سمیت کیش اور دیگر قیمتی سامان چرا کر فرار ہو گئے۔ بازار کے اندر جہاں گشت معمول پر ہوتا ہے چور آسانی کیساتھ ان